2018年3月30日ジャング紙ラーワルピンディー版25面

بس میں ہوتا تو ملک نہ چھوڑتی ملالہ آبدیدہ ہوگئیں

ہماری بچی گھر آئی ہے ملک عزت دیگا وزیراعظم

5 سالوں میں ایک ہی خواب دیکھا اپنے ملک میں قدم رکھ سکوں، یقین نہیں آرہا پاکستان میں ہوں، بچوں کی تعلیم کیلئے کام کرنا چاہتی ہوں، ملالہ

پاکستان آپکا گھر، جب چاہیں آئیں، دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑتے رہینگے، آپ دنیا کو یہ پیغام پہنچائیں، پاکستان کی نمائندگی کریں، شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی نے کہا ہے ساڑھے 5 سال بعد وطن واپس آنے پر بہت خوش ہوں، ابھی تک یقین نہیں آرہا کہ یہ سچ ہے، گزشتہ 5 سالوں میں صرف ایک ہی خواب دیکھا کہ اپنے ملک میں قدم رکھ سکوں، انہوں نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز وزیراعظم آفس میں اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ملالہ نے کہا ابھی 20 سال کی ہوں لیکن زندگی میں بہت کچھ دیکھا ہے، حملہ اور ملک چھوڑنا بہت مشکل تھا، بس میں ہوتا تو ملک کبھی نہ چھوڑتی، ملالہ یوسفزئی پاکستان کے ذکر پر آبدیدہ ہوگئیں، انہوں نے کہا ہمیشہ سے یہ خواب تھا کہ پاکستان امن سے جاؤں، پاکستان کا مستقبل نوجوان ہیں ہمیں انکی تعلیم کیلئے کام کرنا چاہئے، تعلیم کے حوالے سے بین الاقوامی سطح پر کام کر رہے ہیں، پاکستان میں بھی بچوں کی تعلیم کیلئے کام کرنا چاہتی ہوں، تقریب میں موجود کئی لوگوں نے ملالہ کی تعریف کی اور ان سے سوالات بھی کئے، سوچا کرتی تھی کبھی اپنے ملک میں قدم رکھ سکوں گی، مجھے ابھی تک یقین نہیں آرہا اپنے لوگوں میں آگئی ہوں، انہوں نے کہا میں زیادہ نہیں روتی لیکن آج پتہ نہیں کیوں ایسا ہوا، وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا دنیا میں دہشتگردی کیخلاف سب سے بڑی جنگ پاکستان نے لڑی اور اس میں کامیابی حاصل کی، مسلح افواج، پولیس، سیکورٹی اداروں اور عام شہریوں کی قربانیوں کی بدولت آج ملک میں امن قائم ہو چکا ہے، انہیں بہت خوشی ہے کہ آج ہماری بچی جس نے دنیا میں بے پناہ شہرت حاصل کی، اپنے گھر واپس آئی ہے، انہوں نے کہا ملالہ جب یہاں سے گئیں تو 13 سال کی تھیں اب واپس آئی ہیں تو دنیا کی ایک مشہور شخصیت ہیں، دنیا نے انکو عزت دی، پاکستان بھی عزت دیگا، انہوں نے ملالہ یوسف زئی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا پاکستان آپکا گھر ہے، ہم آپکو خوش آمدید کہتے ہیں، آپ جب چاہیں یہاں آئیں، اب آپ عام شہری نہیں، آپکی سیکورٹی ہم پر لازم ہے، جب آپ گئی تھیں اسوقت دہشتگردی عروج پر تھی، ہم نے ایک مشکل جنگ لڑی ہے، آج بھی دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑ رہے ہیں اور لڑتے رہینگے، آپ دنیا کو یہ پیغام پہنچائیں آپ پاکستان کی نمائندگی کریں، بچیوں کی تعلیم کیلئے آپکی کوششیں ہمارے لئے مشعل راہ ہیں، ہماری دعائیں آپکے ساتھ ہیں۔